
# گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ





# پراسپیکٹس ۲۰۲۵ء

## برائے انٹرمیڈیٹ سیکشن

0529250137
0529250170

Kuchery Road
Sialkot Pakistan

info@gcwus.edu.pk



**فرمان قائداعظم:**

"آپ کی طالب علمی کے زمانے میں آپ پر قوم کا حق، آپ کے والدین کا حق اور خود آپ کا حق جو عائد ہوتا ہے، وہ یہ ہے کہ آپ اپنی تمام تر توجہ اپنی تعلیم پر مرکوز رکھیں۔ یاد رکھیئے کہ طالب علمی کے زمانے میں اگر آپ نے اپنا قیمتی اور بیش بہا وقت تعلیم کے سوا دوسرے مشغلوں میں برباد کر دیا تو یہ ضائع کیا ہوا وقت، یہ برباد کیا ہوا، زمانہ پھر کبھی واپس نہیں آئے گا۔ اس لیے آپ کا سب سے پہلا فرض تحصیلِ علم میں جدوجہد کرنا ہے۔"

**(۲۶ نومبر ۱۹۴۱ء آل انڈیا مسلم سٹوڈینٹس فیڈریشن کے سالانہ اجلاس ناگپور سے خطاب)**



## فرمانِ اقبالؒ:

علامہ اقبالؒ کے نزدیک: تعلیم کا مقصد طلبہ کی کردار سازی کرنا تھا تاکہ وہ قوم کی ترقی میں فعال کردار ادا کر سکیں۔ اقبالؒ کے مطابق: حقیقی تعلیم وہ ہے جو علم و عمل کا امتزاج پیدا کرے، خودی کو پروان چڑھائے اور طلبہ کو خدمتِ خلق اور قومی رہنمائی کے لیے تیار کرے۔ ان کا ماننا تھا کہ تعلیم یافتہ نوجوان ہی قوم کی بہتری کا ذریعہ بن سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ اپنے علم کو عملی زندگی میں استعمال کرتے ہوئے معاشرے کی اصلاح اور ترقی کے لیے کوشاں رہیں۔

زندگی کُچھ اور شے ہے، علم ہے کُچھ اور شے
زندگی سوزِ جگر ہے، علم ہے سوزِ دماغ

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | وائس چانسلر کا پیغام | 1 |
| ۲ | انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر کا پیغام | 2 |
| ۳ | تعارف، فکری بصیرت، مقصد | 3 |
| ۴ | یونیورسٹی انتظامیہ | 4 |
| ۵ | انٹر میڈیٹ سیکشن | 5 |
| ۶ | ہدایات برائے داخلہ | 5 |
| ۷ | فہرست مضامین | 6 |
| ۸ | مطلوبہ دستاویزات برائے داخلہ | 7 |
| ۹ | داخلے کے قواعد و ضوابط | 7 |
| ۱۰ | داخلہ کے لیے مختص نشستیں | 8 |
| ۱۱ | ہدایات برائے طالبات | 9 |
| ۱۲ | یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط | 10 |
| ۱۳ | سہولیات | 11 |
| ۱۴ | گزشتہ پانچ سالہ نتائج کا تجزیہ | 12 |
| ۱۵ | رواں سال انٹر میڈیٹ سیکشن کی کارکردگی کا تصویری جائزہ | 13-27 |
| ۱۶ | رابطہ برائے معلومات | 28 |

# وائس چانسلر کا پیغام



پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر
وائس چانسلر
جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں آپ کا دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم ہے۔ یہ شہر علامہ اقبالؒ، فیض احمد فیضؔ اور زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں شخصیات کا مرکز ہے، جہاں خواتین کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے میں تاریخ ساز کردار ادا کیا گیا ہے۔

یہ ادارہ ۱۹۵۱ء میں بطور کالج قائم ہوا، جس کا افتتاح محترمہ فاطمہ جناحؒ نے کیا۔ یہ ادارہ پاکستان کے قدیم ترین اور سب سے پرانے تعلیمی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ اپنی شائستہ اور عظیم روایات کے ذریعے، یہ ہمیشہ خواتین کے لیے ایک ممتاز اور مشہور تعلیمی مرکز کے طور پر سامنے آیا ہے۔ یہ ادارہ ۲۰۱۳ء میں یونیورسٹی کا درجہ حاصل کر کے اپنی ترقی کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔

ہمارا نصب العین پاکستانی خواتین کو معیاری تعلیم فراہم کرنا ہے تاکہ وہ نہ صرف ملک کی موجودہ ضروریات کا پورا کریں بلکہ مستقبل کے چیلنجز سے بھی موثر طریقے سے مقابلہ کر سکیں۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی کی ڈگریاں قابلیت، روزگار کے مواقع، زندگی کی خوشحالی اور شخصیت کی نکھار کا ثبوت ہیں۔ فارغ التحصیل طالبات اعتماد، وقار اور مہارت کے ساتھ مستقبل کے مشکل مراحل میں سرخرو ہوتی ہیں۔

ایمن آباد کیمپس کا منصوبہ جلد ہی مکمل ہونے والا ہے، جس کے بعد یہ ادارہ نہ صرف مقامی بلکہ قومی اور بین الاقوامی طالبات کو بھی عالمی معیار تعلیم فراہم کرے گا۔ ہم عصری اور جدید مضامین میں معیاری تعلیم کے فروغ، تحقیق اور بہترین تدریسی معیار کو برقرار رکھنے کے لئے پُرعزم ہیں تاکہ طالبات کو دنیا کے مقابلے میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی بھرپور تربیت فراہم کی جاسکے۔ ہماری اعلیٰ معیار کی تعلیمی پالیسی میں نہ صرف پاکستان کے مختلف صوبوں بلکہ پورے خطے میں طالبات کے لئے اس کالج کو اولین ترجیح اور اعتماد کا مرکز بنادیا ہے، جس سے ہماری تعلیمی خدمات کی ساکھ اور اثر پذیری میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

ہمارے جامعاتی پروگرام میں گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کی سطح پر اعلیٰ تعلیمی مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ طالبات جدید تعلیمی اور پیشہ ورانہ رجحانات کے مطابق موثر تربیت حاصل کر سکیں۔ نصاب کو اس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے کہ یہ مقامی، قومی اور بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ اور عالمی سطح پر مسابقت کے لائق ہے، جس سے طالبات کو وسیع علمی اور پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کا موقع میسر آتا ہے۔

ہمیں فخر ہے کہ ہمارے یہاں اعلیٰ تعلیم یافتہ، پُرعزم اور محنتی اساتذہ خدمات انجام دے رہے ہیں، جو طالبات میں معیاری تعلیم، تحقیقی صلاحیتیں، شہری ذمہ داری اور رضاکارانہ جذبہ پیدا کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ یونیورسٹی میں جدید کلاس رومز، سائنس لیبارٹریز، کمپیوٹر لیبز، لائبریری، ہاسٹل، ڈے کیئر سینٹر، ہیلتھ کیئر سینٹر اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات دستیاب ہیں۔ فنون لطیفہ کے شعبے میں بھی ہماری تعلیم نوجوان خواتین کی ادبی، فنی اور حسنِ کردار کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ان میں قیادت کی صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو تقویت بخش رہی ہیں، تاکہ وہ معاشرے میں مثبت اور مؤثر کردار ادا کر سکیں۔

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ پہلی خواتین یونیورسٹی ہے جو عالمی سطح پر اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ خواتین کسی بھی ملک کی ترقی میں مرکزی کردار ادا کرتی ہیں۔ ہمارا بنیادی مقصد بھی یہی ہے کہ خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کیا جائے، ان کی ذہانت کو پروان چڑھایا جائے اور اعلیٰ معیاری تعلیم کے ذریعے حقیقی کامیابی حاصل کی جائے۔ کیونکہ بقول علامہ محمد اقبال:

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ ؎ اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں

آئندہ کے لیے ہمارا چیلنج ہے کہ ہم تعلیمی اور تحقیقی شعبوں میں اپنی ممتاز حیثیت کو برقرار رکھیں اور ملک کی سب سے معتبر یونیورسٹیوں میں اپنا مقام بنائیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ ہمارے مشن میں شامل ہوں گی اور قائداعظم محمد علی جناحؒ کے درج ذیل قول کو حقیقت کا روپ دینے میں ہمارا ساتھ دیں گی:

"دنیا میں دو طاقتیں ہیں: ایک تلوار اور دوسرا قلم۔ دونوں کے مابین زبردست مقابلہ اور دشمنی ہے، مگر ان دونوں سے زیادہ طاقتور تیسری قوت ہے، اور وہ ہے خواتین۔"

آپ کے تعاون سے ہم اپنی منزل کی جانب تیزی سے گامزن ہیں اور خواتین کے روشن مستقبل کے لیے یہ ادارہ ایک تابندہ مثال ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر
وائس چانسلر
جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

## انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر کا پیغام



ڈاکٹر ارم صباء
کو آرڈینیٹر انٹر میڈیٹ سیکشن
جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

یہ ادارہ ۱۹۵۱ء سے لے کر اب تک پاکستان کے تعلیمی اداروں میں سب سے قدیم اور اعلی معیاری تعلیمی مرکز ہے۔ جو کہ شہر اقبال اور گردو نواح کی طالبات کو اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کو اعلیٰ تربیت کے ہر شعبے میں پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انٹر میڈیٹ سیکشن میں ایف ایس سی (پری میڈیکل)، ایف ایس سی (پری انجنیئرنگ)، آئی سی ایس آئی کام اور آرٹس کے بیشتر مضامین میں ماہر اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی زیر نگرانی طالبات کو رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔ یہ ادارہ طالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ باشعور شہری بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ طالبات کو مختلف نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب بھی دی جاتی ہے جو کہ ذہنی اور جسمانی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ہماری طالبات تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے میدان میں بھی ڈویژن اور قومی سطح پر انعامات حاصل کرتے ہیں۔ طالبات کو فرسٹ ایڈ، کونسیلنگ سینٹر، آگاہی تعلیمی اجلاس اور ویمن ڈویلپمینٹ سینٹر کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات بھی میسر کی جاتی ہیں۔ طالبات کو میرٹ اور مستحق وظائف سے بھی نوازا جاتا ہے۔

میں ڈاکٹر ارم صباء بطور انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر، نئے آنے والے تمام طالبات کو گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ میں خوش آمدید کہتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ یہ طالبات بہترین نتائج کے ساتھ اپنے مستقبل کو روشن کرنے میں گامزن رہیں گے۔

ڈاکٹر ارم صباء
کو آرڈینیٹر، انٹر میڈیٹ سیکشن
جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

## گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

**تعارف (Introduction):**

گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ، شہر کے وسط میں واقع ہے۔ یہ اس علاقے کا بہترین تعلیمی ادارہ تصور کیا جاتا ہے۔ مس فاطمہ جناح (مادرِ ملت) نے یکم دسمبر ۱۹۵۱ء کو اس کالج کا افتتاح کیا۔ منعم الدین کالج ہذا کی اولین پرنسپل تھیں۔ کالج کا آغاز صرف ۳۲ طالبات اور ۱۰ اساتذہ سے ہوا جو وقت کے ساتھ ساتھ 9 ہزار طالبات اور ۸۰ اساتذہ تک پہنچ گیا۔ ایف ایس سی ۱۹۵۲ء میں اور بی ایس سی سطح کی جماعتوں کا آغاز ۱۹۶۰ء میں ہوا۔ کالج کو پوسٹ گریجویٹ کا درجہ ۱۹۸۹ء میں ملا۔ جس کے بعد کالج ہذا میں انگریزی، اردو اور اسلامیات میں ایم۔اے کی تعلیم دی جانے لگی۔ بی ایس چار سالہ پروگرام کا آغاز ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے ۲۰۱۰ء میں کیا۔ ادارے کی بہترین شرحِ نمو کو مد نظر رکھتے ہوئے ۲۰۱۲ء میں اسے سیالکوٹ کی پہلی ویمن یونیورسٹی کا درجہ دے دیا گیا اور اس کا نام گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی رکھا گیا۔

یہ یونیورسٹی سیالکوٹ شہر اور گردونواح کی طالبات کو اپنے ضلع میں اعلیٰ تعلیم مہیا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ یہ قدیم تعلیمی ادارہ طالبات کو تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ اُن کی شخصیات میں نکھار پیدا کرتا ہے اور مقامی اور قومی سطح پر عوام الناس کی بہتری میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

۲۰۱۲ء میں یونیورسٹی کا درجہ ملنے کے بعد ڈاکٹر نظام الدین نے نگران وائس چانسلر کا عہدہ سنبھالا۔ ستمبر ۲۰۱۴ء کو پروفیسر ڈاکٹر فرحت سلیمی نے یونیورسٹی کی پہلی خاتون وائس چانسلر کی حیثیت سے چارج لیا اور تن دہی سے ادارے کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرنے میں مگن رہیں۔ اُن کی کوششوں کی وجہ سے آج یونیورسٹی ہٰذا اپنی ایک الگ پہچان بنانے میں کامیاب ہو چکی ہے۔ اُن کے بعد پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ کوثر نے وائس چانسلر کی حیثیت سے یونیورسٹی کے تمام امور بطریق احسن انجام دیئے۔ اس وقت پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر اپنی فکری بصیرت کے ذریعے اس یونیورسٹی کو ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی فہرست میں درجۂ اوّل کی یونیورسٹیوں میں لانے کے لئے پوری طرح کوشاں ہیں۔

**فکری بصیرت (Vision):**

اعلیٰ معیار تعلیم کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانا۔

**ہمارا مقصد (Mission):**

ہمارا نصب العین مستقبل کی ضروریات کے پیشِ نظر ہنر مند خواتین کی افرادی قوت کو بڑھانا ہے تاکہ مملکتِ خداداد میں ایک محب وطن، ترقی یافتہ متحمل اور روادار معاشرہ پروان چڑھ سکے۔

## یونیورسٹی انتظامیہ
## انٹرمیڈیٹ سیکشن

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | وائس چانسلر | پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر |
| ۲ | پرووائس چانسلر | ڈاکٹر زرین فاطمہ رضوی |
| ۳ | کوآرڈینیٹر انٹرمیڈیٹ پروگرام | ڈاکٹر ارم صباء |
| ۴ | رجسٹرار | مرزا فاروق احمد |
| ۵ | نگران ٹریژرر / خزینہ دار | پروفیسر ڈاکٹر عدنان عادل |
| ۶ | انچارج پراکٹرز و گرل گائیڈ اور امور طالبات | ڈاکٹر شگفتہ فردوس |
| ۷ | ایڈیشنل ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن | مسٹر ثقفی حیدر عباس |
| ۸ | ڈپٹی لائبریرین | مسٹر نصرت علی |
| ۹ | سینئر ٹرانسپورٹ آفیسر | ڈاکٹر زاہد علی بٹ |
| ۱۰ | چیف سیکورٹی آفیسر | مسٹر صہیب سلیم |

## سربراہان متعلقہ شعبہ جات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اردو | ڈاکٹر محمد افضال بٹ | ۱۱ | زوالوجی | ڈاکٹر عاصمہ وحید قریشی |
| ۲ | اسٹیٹسٹکس | ڈاکٹر عامر رضا | ۱۲ | سائیکالوجی | ڈاکٹر عدنان عادل |
| ۳ | اکنامکس | ڈاکٹر محمد الیاس | ۱۳ | سوشیالوجی | ڈاکٹر یاسر نواز منج |
| ۴ | انگلش | ڈاکٹر راشد حفیظ | ۱۴ | عریبک و اسلامک سٹڈیز | ڈاکٹر سیدہ سعدیہ |
| ۵ | انوائرمینٹل سائنس | ڈاکٹر عدیل محمود | ۱۵ | فائن آرٹس | مسٹر رضا رحمان |
| ۶ | ایجوکیشن | ڈاکٹر یار محمد | ۱۶ | فزکس | ڈاکٹر طارق محمود |
| ۷ | اسپورٹس انچارج | مس عطیہ الطاف | ۱۷ | کمپیوٹر سائنس | ڈاکٹر محمد عثمان |
| ۸ | باٹنی | ڈاکٹر زرین فاطمہ رضوی | ۱۸ | کیمسٹری | ڈاکٹر امینہ صادق |
| ۹ | بزنس ایڈمنسٹریشن | ڈاکٹر یلیین منیر | ۱۹ | میتھامیٹکس | ڈاکٹر حرا طارق |
| ۱۰ | پولیٹیکل سائنس | ڈاکٹر زاہد یلیین | | | |

## انٹر میڈیٹ سیکشن

ڈاکٹر ارم صباء، لیکچرار کیمسٹری انٹر میڈیٹ سیکشن کی انچارج ہیں۔ انٹر میڈیٹ میں طالبات کے داخلے کا انتظام اسی سیکشن میں کیا جاتا ہے جو کہ گوجرانوالہ بورڈ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق ہوتا ہے۔ انٹر میڈیٹ سیکشن کی وساطت سے فیس شیڈول کا فیصلہ ہوتا ہے اور داخلے کے بعد طالبات کی گوجرانوالہ بورڈ میں رجسٹریشن کرائی جاتی ہے۔ طالبات کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جاتا ہے۔ ماہانہ ٹیسٹ اور پری بورڈ امتحانات کا انعقاد بھی انٹر میڈیٹ سیکشن منظم طریقے سے وقت پر کروانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ انٹر میڈیٹ طالبات کا تمام ریکارڈ اور سالانہ امتحانات کے نتائج کی فائلز اسی سیکشن میں محفوظ ہوتی ہیں۔

### ہدایات برائے داخلہ

۱۔ انٹر میڈیٹ میں داخلے کا آغاز میٹرک کے نتائج کے بعد بورڈ کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق ہوتا ہے۔
۲۔ داخلہ فارم آن لائن پر کیا جائے گا۔
۳۔ داخلہ فارم آن لائن پر کر کے مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ اپ لوڈ کریں۔
۴۔ پراسپیکٹس کے حصول کے لئے یونیورسٹی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور ہدایات کے مطابق داخلہ فارم پُر کریں۔
۵۔ آن لائن داخلہ فارم پُر کرتے وقت طالبہ اپنے میٹرک کے رزلٹ کارڈ، ب فارم / شناختی کارڈ اور والد / سرپرست کے شناختی کارڈ کی سکین کاپی اپ لوڈ کریں۔
۶۔ اوپن میرٹ اور کوٹہ کے لئے الگ الگ داخلہ فارم اپ لوڈ کریں۔

انٹر میڈیٹ میں داخلے کے لیے گروپوں کی تقسیم درج ذیل ہے۔

۱۔ پری میڈیکل گروپ
۲۔ پری انجنیئرنگ گروپ
۳۔ کمپیوٹر سائنس گروپ
۴۔ آئی کام گروپ
۵۔ آرٹس گروپ

**نوٹ:**
کسی بھی گروپ میں داخلے کے لیے طالبات کو چار لازمی اور تین اختیاری مضامین پڑھنا ہوں گے۔

# فہرست مضامین

**لازمی مضامین:**

- ❖ اردو
- ❖ انگلش
- ❖ اسلامیات (گیارہویں جماعت کے لیے)
- ❖ مطالعہ پاکستان (بارہویں جماعت کے لیے)
- ❖ ترجمۃ القرآن المجید

**اختیاری مضامین:**

**پری میڈیکل:** (فزکس، کیمسٹری، بائیولوجی)

**پری انجنیئرنگ:** (فزکس، کیمسٹری، ریاضی)

**آئی سی ایس:** (ریاضی، فزکس، کمپیوٹر سائنس)

**آئی سی ایس:** (ریاضی، اکنامکس، کمپیوٹر سائنس)

**آئی کام:** (پرنسپلز آف اکنامکس، پرنسپلز آف کامرس، پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ، بزنس میتھ)

**آرٹس:**

گروپ ۱۔ (سائیکالوجی، فائن آرٹس، اردو ادب)

گروپ ۲۔ (سوشیالوجی، انگریزی ادب، فزیکل ایجوکیشن)

گروپ ۳۔ (ایجوکیشن، سوکس، اسلامیات اختیاری)

**نوٹ:** درج بالا دو گروپس میں سے کسی ایک گروپ کا انتخاب کریں۔

**ضروری نوٹ برائے مضامین:**

ہر گروپ میں طالبات کی تعداد کم از کم چالیس ہونا لازمی ہے۔ اگر طالبات کی تعداد کسی بھی گروپ میں چالیس سے کم ہو گی تو طالبات کو پیش کش کی جائے گی کہ وہ میرٹ لسٹ کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی دوسرے گروپ کا انتخاب کریں جس میں طالبات کی تعداد چالیس سے زائد ہو۔

## مطلوبہ دستاویزات برائے داخلہ

| | |
|---|---|
| ❖ میٹرک رزلٹ کارڈ | ایک عدد فوٹو کاپی |
| ❖ ب فارم یا شناختی کارڈ | ایک عدد فوٹو کاپی |
| ❖ والد یا سرپرست کا قومی شناختی کارڈ | ایک عدد فوٹو کاپی |
| ❖ امیدوار کی ہلکے نیلے رنگ کے پس منظر کے ساتھ تصویر (پاسپورٹ سائز) | دو عدد |

گوجرانوالہ بورڈ کے علاوہ کسی اور بورڈ سے آنے والے امیدوار کو سابقہ بورڈ کی طرف سے اصل اجازت نامہ (N.O.C) اور رجسٹریشن نمبر پیش کرنا ہو گا۔ داخلہ کے وقت داخلہ کمیٹی کو اصل اسناد دکھانا ضروری ہے۔

## داخلہ (۲۰۲۵ء) کے قواعد وضوابط

- ❖ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ کے انٹرمیڈیٹ سال اوّل میں داخلہ گوجرانوالہ بورڈ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق کیا جائے گا۔
- ❖ داخلہ فارم آن لائن پُر کر کے مطلوبہ دستاویزات آن لائن اپ لوڈ کریں اور پراسپیکٹس کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.gcwus.edu.pk ملاحظہ کرے۔
- ❖ اوپن میرٹ اور کوٹہ کے لئے الگ الگ داخلہ فارم اپ لوڈ کرنا لازم ہے۔
- ❖ امیدوار کے لیے لازم ہے کہ اُس نے میٹرک یا اولیول کا امتحان حکومت کے منظور شدہ ادارے سے پاس کیا ہو۔
- ❖ تمام انٹرمیڈیٹ گروپس میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا۔
- ❖ نجی ادارے کی طالبات بھی اہل ہو سکتی ہیں اگر وہ مطلوبہ میرٹ پر پورا اُترتی ہوں۔ اُن کے لئے لازم ہے کہ انہوں نے میٹرک پاکستان کے کسی تعلیمی بورڈ یا اس سے منسلک تسلیم شدہ کسی دوسرے امتحانی ادارے سے پاس کیا ہو۔
- ❖ منتخب شدہ امیدواران کی لسٹ شیڈول کے مطابق یونیورسٹی کے نوٹس بورڈ پر آویزاں اور ویب سائٹ (www.gcwus.edu.pk) پر بھی اَپ لوڈ کر دی جائے گی۔
- ❖ منتخب امیدواران کا مقررہ تاریخ کے اندر اپنے واجبات (فیس) جمع کروانا ضروری ہو گا۔ بصورت دیگر ان کا داخلہ منسوخ تصور کیا جائے گا۔
- ❖ داخلہ حاصل کرنے والی اُمیدواران کے جمع کیے گئے واجبات واپس نہیں کیے جائیں گے اور نہ ہی سالانہ فیس کے واجبات قسط وار وصول کیے جائیں گے۔
- ❖ خواجہ سرا داخلے کے لئے جی سی ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ میں کسی بھی سیٹ پر اپلائی کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** انٹرمیڈیٹ طالبات کو ہاسٹل کی سہولت مہیا نہیں کی جائے گی۔

**حافظِ قرآن:**

حافظِ قرآن امیدوار کو خاص اہمیت دی جائے گی۔ حافظہ قرآن اُمیدواران کو حکومتی پالیسی کے مطابق میں اضافی نمبر دیے جائیں گے۔

**نوٹ:** طالبات کے لیے ضروری ہے کہ کسی تسلیم شدہ ادارے سے جاری کردہ حافظِ قرآن کی تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کی کاپی داخلہ فارم کے ہمراہ اپ لوڈ کریں۔

## داخلہ کے لیے مختص نشستیں

### معذوری کی بنیاد پر داخلہ:

معذور افراد کے لیے دو فیصد نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ نظر کا کمزور ہونا، اونچا سننا معذوری کے زمرے میں نہیں آتا۔ امیدوار کے لیے لازم ہے کہ وہ ضلعی معذوری بورڈ کی جانب سے جسمانی معذوری کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ سکین کاپی داخلہ فارم کے ہمراہ اپ لوڈ کریں۔

### کھیلوں کی بنیاد پر داخلہ:

دو فیصد نشستیں کھیلوں کی بنیاد پر مختص کی گئی ہیں۔ امیدوار کے لیے ضروری ہے کہ وہ بورڈ / ڈویژن یا ضلع کی سطح کے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کی سکین کاپی اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ اپ لوڈ کریں۔ علاوہ ازیں مقررہ تاریخ پر ٹیسٹ بھی دینا ہو گا۔ منتخب شدہ امیدوار کے لیے ضروری ہو گا کہ وہ اندرون وبیرون یونیورسٹی کھیلوں میں حصہ لے۔

### ہم نصابی سرگرمیوں کی بنیاد پر داخلہ:

ایک فیصد نشستیں ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے مختص ہوں گی جن میں قرآت، نعت اور ڈرامہ وغیرہ میں حصہ لینے والی اُمیدوار ٹیسٹ (عملی مظاہرہ) کے بعد میرٹ پر داخلہ کی اہل قرار پائیں گی۔ امیدوار داخلہ فارم کے ساتھ تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کی سکین کاپی اپ لوڈ کریں۔

### یونیورسٹی کے ملازمین کے لیے مخصوص نشستیں:

یونیورسٹی کے حاضر سروس ملازمین کی حقیقی بیٹیوں کے لیے ایک فیصد نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ جن کا داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا۔

### سمندر پار (Overseas) پاکستانیوں کا کوٹہ:

اس کوٹہ کے لئے دو فیصد نشستیں مختص ہیں۔ اُمیدواران اپنے والد / والدہ کے پاسپورٹ اور ملازمت کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ سکین کاپی داخلہ فارم کے ہمراہ اپ لوڈ کریں۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا اور اُمیدوار کو وفاقی حکومت کی طرف سے طے شدہ اضافی فیس جمع کروانی ہو گی۔

### غیر ملکی شہریت رکھنے والی طالبات:

غیر ملکی شہریت رکھنے والی طالبات کے لئے 05 نشستیں مختص ہیں۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا اور اُمیدوار کو وفاقی حکومت کی طرف سے طے شدہ اضافی فیس جمع کروانی ہو گی۔

### اقلیتوں کا کوٹہ:

اس کوٹہ کے لئے دو فیصد نشستیں مختص ہیں۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہو گا۔ امیدوار کو داخلہ فارم کے ساتھ اپنے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ کی سکین شدہ کاپی اپ لوڈ کرنا ضروری ہے۔

## ہدایات برائے طالبات

### یونیفارم:

- طالبات کی وردی سفید شلوار قمیض رنگ دار دوپٹے (کلاسوں کے مطابق) اور کالے جوتوں پر مشتمل ہے۔
- دوپٹے کا رنگ سالِ اوّل کے لیے گہرا سبز اور سال دوم کے لیے نارنجی ہے۔
- موسم سرما میں سیاہ رنگ کا سویٹر ضروری ہے۔
- یونیفارم کی خلاف ورزی کی صورت میں کالج گیٹ پر روکا جاسکتا ہے۔
- یونیورسٹی میں کسی قسم کے زیورات پہن کر آنا سختی سے منع ہے۔
- خلاف ورزی کرنے پر زیورات ضبط کئے جاسکتے ہیں۔

### چھٹی لینے کا طریقہ کار:

- چھٹی کی درخواست پر والد / سرپرست کے دستخط لازم ہیں۔
- چھٹی کی درخواست پہلے آنی چاہیے، بعد میں آنے والی درخواست قابل قبول نہ ہو گی۔
- درخواست میں طالبہ کا نام، جماعت، رول نمبر اور مدت (جس کے لیے چھٹی درکار ہے) درج ہونا چاہیے۔
- طالبہ نام خارج ہونے کے بعد صرف ایک مرتبہ دوبارہ داخلہ لینے کی مجاز ہو گی اور اس کے لیے اسے پورے سال کی فیس دوبارہ ادا کرنا ہو گی۔
- عمرہ یا بیرون ملک جانے کے لیے چھٹی کی درخواست کے ساتھ ویزا یا پاسپورٹ اور ٹکٹ کی نقل بھی لگائیں اور چھٹی کی منظوری پہلے حاصل کریں۔
- سینڈاپ ٹیسٹ (Send-up Test) کے دوران عمرہ کی چھٹی منظور نہ ہو گی۔
- طالبات کی ذمہ داری ہے کہ چھٹی منظور ہونے کے بعد اپنے متعلقہ مضامین کے اساتذہ کو آگاہ کریں، ورنہ ان کی غیر حاضری شمار ہو گی۔

## یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط

### حاضری:

- داخلے کے بعد طالبات جماعتوں میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔
- گوجرانوالہ بورڈ میں امتحان دینے کی اہل طالبات کی حاضری ہر مضمون میں ۷۰ فیصد ہونا لازمی ہے۔
- طالبات کا ماہانہ ٹیسٹ میں پاس ہونا لازم ہے، ورنہ داخلہ روکا جا سکتا ہے۔
- تمام طالبات کا سینڈ آپ (Send-Up) امتحان میں حاضر ہونا ضروری ہے۔
- کلاس میں دیر سے آنے والی طالبات کی غیر حاضری لگائی جائے گی۔
- ایسی طالبات جو کیمپس میں موجود ہوں لیکن کلاسز سے غیر حاضر ہوں، انہیں جرمانہ، سزا یا دونوں ہو سکتے ہیں۔
- ضروری کام / بیماری یا کسی وجہ سے غیر حاضر ہونے والی طالبات کا متعلقہ ٹیچر کو مطلع کرنا ضروری ہے۔
- بغیر درخواست دیئے مسلسل ایک ہفتہ غیر حاضر رہنے اور کلاس ٹیسٹ نہ دینے والی طالبات کا نام حاضری رجسٹر سے خارج کر دیا جائے گا۔

### نظم و ضبط کی پابندی:

طالبات کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ یونیورسٹی ہذا میں اپنے برتاؤ کو بہتر رکھیں اور جامعہ ہذا کے خلاف کسی بھی انفرادی اور اجتماعی منفی سرگرمی میں ملوث نہ ہوں جو یونیورسٹی کے ماحول میں خلل کا باعث بنے۔ اگر طالبات کسی بھی منفی سرگرمی میں ملوث پائی گئیں تو نظم و ضبط کی کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔ ان سزاؤں کا مقصد یونیورسٹی کے نظم و ضبط کو یقینی بنانا ہے۔ لباس، تعلیم، لائبریری کے نظم و ضبط پر عمل کرنا، طالبات کے لیے لازم ہے۔ ان ضابطوں کی تفصیل جامعہ ہذا کی ویب سائٹ www.gowus.edu.pk پر موجود ہے۔

غیر حاضر رہنے، پڑھائی میں دلچسپی نہ لینا اور اساتذہ سے بد اخلاقی سے پیش آنا والی اور ناجائز ذرائع استعمال کرنے والی طالبات کا سختی سے محاسبہ کیا جائے گا۔

ادارہ ہذا میں عام نظم و ضبط کے قیام کے لیے پراکٹرز موجود ہیں۔ طالبات سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اُن کے ساتھ تعاون کریں اور تعلیمی ماحول کو خوشگوار بنائیں۔

### مائیگریشن پالیسی:

مائیگریشن کی اجازت مندرجہ ذیل وجوہات کی بنیاد پر نشستوں کی دستیابی پر منحصر ہو گی۔

- والدین کی ملازمت کی وجہ سے منتقلی
- والدین کی رہائش گاہ کی منتقلی
- نامساعد حالات

## سہولیات

حصول تعلیم میں انہماک اور اطمینان پیدا کرنے کے لیے طالبات کو مختلف سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں:

**پراکٹرز:**

یونیورسٹی کے ڈسپلن اور دیگر امور کی انجام دہی کے لیے پراکٹرز منتخب کی جاتی ہیں تاکہ یونیورسٹی میں نظم وضبط برقرار رہے اور تمام امور بطریقِ احسن انجام پا سکیں۔ طالبات کا منتخب شدہ پراکٹرز سے تعاون کرنا ضروری ہے۔

**لائبریری:**

فروغِ علم کے لیے یونیورسٹی میں ایک وسیع لائبریری موجود ہے جہاں ہزاروں کتابیں طالبات کی ضروریات کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ نصابی، امدادی اور حوالہ جاتی کتب طالبات کے لیے وسعت علم کا باعث بنتی ہیں۔

**کمپیوٹر لیب:**

طالبات کے لیے کمپیوٹر لیب کی بھی سہولت میسر ہے۔ ملٹی میڈیا اور کلاس روم میں نصب LCDs بھی جدید معلومات میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔

**آڈیٹوریم:**

نصابی اور ہم نصابی تقاریب کے لیے خوبصورت اور وسیع آڈیٹوریم موجود ہے۔

**کینٹین:**

طالبات کے لئے خوردونوش کی اشیاء کے لئے کینٹین کی سہولت بھی موجود ہے۔

**فوٹوکاپی شاپ:**

طالبات کے لیے فوٹوکاپی شاپ کی سہولت بھی میسر ہے۔

**مسجد:**

نماز اور تلاوت قرآن مجید کے لیے خوبصورت مسجد تعمیر کی گئی ہے۔

**فلٹریشن پلانٹ:**

صاف ستھرا پانی صحت کے لیے ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے فلٹریشن پلانٹ بھی نصب کیا گیا ہے۔

**سیکیورٹی:**

طالبات کی حفاظت اور والدین کے اطمینان کے لیے سیکیورٹی کا انتہائی مضبوط نظام قائم کیا گیا ہے اور چیف سیکیورٹی آفیسر یونیورسٹی میں نصب کیمروں کے ذریعے سیکیورٹی کی مانیٹرنگ کرتے ہیں۔

**ہم نصابی سرگرمیاں:**

حسن قرأت و نعت، مذاکرے، مباحثے اور کھیلوں کا انتظام کیا جاتا ہے۔ طالبات ان میں بھرپور حصہ لے کر اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکتی ہیں۔

**ہم نصابی سرگرمیاں:**

یونیورسٹی میں سپورٹس کی طالبات کو اتھلیٹکس، فٹ بال، ہینڈ بال، نیٹ بال، ہاکی، بیڈ منٹن اور کرکٹ کھیلنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ اور ان تمام کھیلوں میں یونیورسٹی کی طالبات بورڈ میں پوزیشنز حاصل کر رہی ہیں۔ یونیورسٹی میں مختلف کھیلوں کے کیمپ لگائے جاتے ہیں، جن میں طالبات کو مختلف کھیلوں کے حوالے سے مددگار معلومات فراہم کی جاتی ہیں، جس کی وجہ سے یونیورسٹی کی طالبات کی قومی سطح پر سلیکشن ہو رہی ہے۔

**وظیفہ:**

گورنمنٹ کی طرف سے نادار اور مستحق طالبات کے لیے رحمۃ العالمین، اینڈومنٹ فنڈ، PEEFاور MORA اسکالرشپ دیا جاتا ہے۔

| گزشتہ پانچ سالہ نتائج کا تجزیہ | | |
| --- | --- | --- |
| سال | یونیورسٹی رزلٹ ٪ | مجموعی طور پر گوجرانوالہ بورڈ رزلٹ ٪ |
| 2024ء | 74.1% | 62.32% |
| 2023ء | 71.6% | 56.11% |
| 2022ء | 88.8% | 72.93% |
| 2021ء | 99.6% | 98.81% |
| 2020ء | 100% | 99.93% |







انٹر میڈیٹ سیکشن، فرسٹ ائیر کلاسز، آگاہی تقریب







ڈاکٹر زریں فاطمہ رضوی (پرو وائس چانسلر)، ڈاکٹر اِرم صباء (انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر) و دیگر اساتذہ کا
انٹر میڈیٹ سیکشن، فرسٹ ائیر کلاسز، آگاہی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

انٹر میڈیٹ سیکشن، گیارہویں
جماعت کی طالبات کے استقبالیہ
اور بارہویں جماعت کی طالبات کی
الوداعی دعوت کے موقع پر
تصاویر




استقبالیہ اور الوداعی دعوت کے
موقع پر انٹر میڈیٹ طالبات کی
ہم نصابی سرگرمیوں میں
شمولیت کی تصویر




ڈاکٹر اِرم صباء (کوآرڈینیٹر
انٹر میڈیٹ سیکشن) کی دیگر
اساتذہ کے ہمراہ، استقبالیہ اور
الوداعی دعوت کے موقع پر
طالبات میں اعزازی اسناد تقسیم
کرتے ہوئے تصویر











انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر (ڈاکٹر ارم صباء)، دیگر اساتذہ اور طالبات کے ہمراہ پاک فوج ہیڈ کوارٹر کے مطالعاتی دورے کی گروپ تصویر






کوآرڈینیٹر انٹر میڈیٹ سیکشن (ڈاکٹر اِرم صباء) ودیگر اساتذہ کی اسلام آباد، تفریحی دورہ کے موقع پر

طالبات کے ساتھ یادگار تصاویر





ڈاکٹر اِرم صباء (انٹر میڈیٹ کو
آرڈینیٹر) اور دیگر اساتذہ کی
اسلام آباد کے تفریحی مقامات
پر طالبات کے ساتھ یادگار
گروپ تصاویر








ڈاکٹر اِرم صباء (انٹر میڈیٹ کوآرڈینیٹر) کی زیر نگرانی انٹر میڈیٹ طالبات کی یونیورسٹی کے مختلف
شعبہ جات کے متعلق آگاہی کے موقع پر متعلقہ اساتذہ کرام کے ہمراہ گروپ تصاویر


ILQUIS BANO














International Smart Education Experience Classroom













ڈاکٹر اِرم صباء (انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر) کی سربراہی میں منظم کردہ انٹر میڈیٹ طالبات کی کارکردگی کے حوالے سے "والدین اساتذہ ملاقات" کے تصویری مناظر







قابل اساتذہ کرام کی زیرِ نگرانی، انٹر میڈیٹ طالبات، عملی امتحانات کی تیاری کرتے ہوئے

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ
کے زیر اہتمام سپورٹس گالا
2025ء کی افتتاحی تقریب








سپورٹس گالا 2025ء کی تقریب
کے موقع پر ڈاکٹر ارم صباء
(انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر) کی دیگر
اساتذہ کرام کے ہمراہ گروپ
تصویر



انٹر کالجیٹ ہینڈ بال گوجرانوالہ بورڈ (سیشن 25-2024ء) کے موقع پر پروفیسر ڈاکٹر زرین فاطمہ رضوی (پرو وائس چانسلر)، ڈاکٹر اِرم صباء (انٹر میڈیٹ کو آرڈینیٹر)، مس عطیہ الطاف (اسپورٹس انچارج) کے ہمراہ طالبات کی گروپ تصویر



انٹر کالجیٹ نیٹ بال گوجرانوالہ بورڈ (سیشن 25-2024ء) میں انٹر میڈیٹ طالبات کی دوسری پوزیشن حاصل کرنے کے موقع پر یادگار تصویر

انٹر کالجیٹ اسکواش
گوجرانوالہ بورڈ
(سیشن 25-2024ء)
میں انٹر میڈیٹ طالبات نے
دوسری پوزیشن حاصل کی





گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کی
انٹر میڈیٹ، تیر انداز ٹیم نے انٹر کالجیٹ
گوجرانوالہ بورڈ (سیشن 25-2024ء) مقابلے
میں دوسری پوزیشن حاصل کی

انٹر میڈیٹ سیکشن کی بیڈ منٹن ٹیم
نے انٹر کالجیٹ گوجرانوالہ بورڈ
(سیشن 25-2024ء) میں 8
تمغے حاصل کئے



## رابطہ برائے معلومات

| گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ | |
|---|---|
| رابطہ برائے انفارمیشن آفس | 052-9250137 |
| ایکسٹینشن نمبر | 176, 169 |
| ویب سائٹ | www.gcwus.edu.pk |
| ای میل | intermediate.coordinator@gcwus.edu.pk |


Govt. College Women University,
(GCWUS)
Kutchehry Road Sialkot